© rasailojaraid.com



# نقد و نظر

## جستجو

از : تحسین فراقی

ناشر : مکتبہ بکس - ۵ بخشی سٹریٹ، بیرون موری دروازہ - لاہور

صفحات ۲۳۲ - کاغذ، کتابت، طباعت، جلد، سرورق عمدہ - قیمت ۳۶ روپے

جناب تحسین فراقی ادبی تنقید کے لحاظ سے نوجوان ادیبوں میں اپنا ایک خاص مقام رکھتے ہیں اور اس سلسلے میں ان کے نقطۂ نظر کو بہت اہمیت حاصل ہے - وہ اچھے شاعر بھی ہیں۔ ان میں ایک صفت یہ ہے کہ اپنے افکار و خیالات اور نظریے کے اظہار میں کوئی جھجک محسوس نہیں کرتے، جو بات ان کے نزدیک صحیح ہے وہ برملا کہتے ہیں۔ زیر نظر کتاب ان کے آٹھ مقالات پر مشتمل ہے، جن کے عنوانات یہ ہیں: (۱) اردو ادب میں اسلامی اقدار کی پیش کش کا مسئلہ (۲) اردو تنقید کے دس سال ۱۹۷۰ تا ۱۹۷۹ء (۳) بھٹائی اور اس کی شاعری (۴) علامہ اقبال اور ثنائے خواجہ (۵) علامہ اقبال اور ابو العلا المعری ـــــ چند مماثل پہلو (۶) اکبر الہ آبادی (۷) محمد حسن عسکری اور جدیدیت (۸) بشنو از نے چوں حکایت می کند

ان مقالات میں انھوں نے جو ادبی جائزہ پیش کیا ہے اور جس پس منظر میں کیا ہے اور اس ضمن میں جس اسلوب سے وہ بات کو آگے بڑھاتے ہیں، اس سے پتا چلتا ہے کہ اردو ادب سے متعلق ان کے مطالعے کا دامن دور تک پھیلا ہوا ہے۔ اگرچہ ان کے افکار کے بعض حصوں سے اختلاف کی گنجائش ہے اور ادب کی تقسیم "کو "غیر ادبی تقسیم" قرار دیا جا سکتا ہے، تاہم اس میں کوئی شبہ نہیں کہ تحسین فراقی کی تحریر میں بڑی جان ہے اور نقد و جرح کے فن سے وہ پوری طرح آگاہ ہیں۔ یہ نہایت نازک مسئلہ ہے اور اس میں احتیاط و توازن کی سرحدوں کو ملحوظ خاطر رکھنا انتہائی ضروری ہے۔

اردو ادب اور تنقید سے دلچسپی رکھنے والے حضرات کو اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہیے۔

© rasailojaraid.com